خطباتِ اقبالؒ اور سید سلیمان ندویؒ

ساحل کا آئندہ شمارہ مفکر اسلام اور شاعر مشرق حضرت علامہ اقبالؒ کے خطبات Reconstruction of Islamic Thought پر علامہ سید سلیمان ندویؒ کے نقد و نظر پر مشتمل ہوگا۔ علامہ اقبالؒ سید سلیمان ندویؒ کو ''استاد الکل'' اور ''اسلام کی جوئے شیر کا فرہاد'' قرار دیتے تھے اور دینی امور میں تمام اشکالات کے لیے وہ علامہ سلیمان ندویؒ سے رجوع فرماتے تھے۔ علامہ سلیمان ندوی کی زندگی میں خطبات اقبال شائع ہوئی تو انھوں نے صرف یہ فرمایا کہ ''کاش یہ خطبات شائع نہ ہوتے'' لیکن ان کی آرزو پوری نہ ہوسکی۔ خطبات پر علامہ سلیمان ندویؒ نے تنقید سے گریز کیا اور سکوت فرمایا۔ اس سکوت کی وجوہات کیا تھیں؟ کیا سلیمان ندویؒ علامہ اقبالؒ کے افکار سے متفق تھے؟ خطبات اقبال پر سید سلیمان ندویؒ کا نقد پہلی مرتبہ ''یاد ایام'' کے ذریعے منظر عام پر آیا ہے۔ اس نقد سے معلوم ہوتا ہے کہ سید سلیمان ندویؒ اقبال کے فلسفیانہ نظریات، خطبات میں بیان کردہ افکار، نکلسن کے دیباچہ مثنوی اسرار خودی میں اقبال کے پیش کردہ افکار، اور اردو دیباچہ اسرار خودی کو درست نہیں سمجھتے تھے۔ ان مباحث و موضوعات پر سید سلیمان ندویؒ کا علامہ اقبالؒ سے تبادلہ خیال ہوتا رہا۔ سید سلیمان ندویؒ کے مطابق اقبالؒ نے خطبات میں پیش کردہ افکار سے رجوع کرلیا تھا اور اس کی وضاحت اور تردید لکھنے کا ارادہ رکھتے تھے لیکن انھیں اس کا موقع نہ ملا۔ وہ ایک راسخ العقیدہ، مومن اور بے مثال انسان تھے۔ علامہ اقبال نے ''خطبات'' میں پیش کردہ نظام فکر، فلسفہ سے رجوع کیوں کیا تھا؟ مولانا عبدالماجد دریا آبادی نے خطبات پر جو جارحانہ تنقید کی وہ کیوں شائع نہ کی گئی؟ سید سلیمان ندویؒ نے ماجد دریا آبادی کو اس کی اشاعت سے کیوں روک دیا؟ علامہ اقبالؒ عربی زبان پر کتنا عبور رکھتے تھے؟ وہ عربی کی امہات کتب سے استفادہ کن لوگوں کے ذریعے کرتے تھے؟ کیا وہ مصادر و ماخذات دین سے براہ راست مستفید ہوسکتے تھے؟ خطبات میں انھوں نے شاہ ولی اللہؒ کا غلط سلط حوالہ دے کر حدود کو مقامی عربی سزاؤں کے مساوی کیوں قرار دیا؟ خطبات اقبال میں کہاں کہاں اقبالؒ نے قرآن و سنت سے انحراف کیا ہے؟ قرآنی آیات کو سیاق و سباق سے کاٹ کر کس طرح اپنے استدلال میں پیش کیا ہے؟ کیا علامہ اقبالؒ فقہ اسلامی کے مباحث سے پوری طرح واقف تھے؟ کیا وہ فقہ احناف اور یونانی منطق کے تاریخی تعلق سے ناواقف تھے؟ کیا اسلام کے بارے میں اقبال کی معلومات کا انحصار ثانوی ذرائع، ماخذات اور مختلف علماء سے استفسارات کے نتیجے میں حاصل ہونے والی معلومات پر منحصر تھا؟ اقبالؒ سائیکالوجی کو مابعد الطبیعیات کا متبادل کیوں قرار دیتے تھے؟ کیا اقبال وحدت ادیان کے قائل تھے؟ کیا اقبالؒ خطبات میں جوہری طور پر ہندی، یونانی، مسلم اور Modren Atomism میں کوئی فرق نہیں روا رکھتے؟ کیا اقبالؒ کے یہاں اسلام اور ماڈرن ازم میں کوئی جوہری فرق نہیں؟ کیا جدید سائنس، جدید فلسفہ اور الکتاب اور الحق میں کوئی تضاد نہیں؟ کیا سب جوہری طور پر حقیقت کے ادراک کے محفوظ اور معصوم راستے ہیں؟ اقبالؒ کا یہ کہنا کہ فطرت کی تفہیم کی کسی ایک مخصوص شکل پر اصرار درست نہیں؟ کیا رینے گینوں کے تصور وحدت ادیان سے مختلف ہے جو عیسائی، ہندی، یہودی، مسلم روایت کو ایک ہی روایت سمجھتے ہیں اور روایت کی کسی خاص شکل پر اصرار کو درست نہیں سمجھتے کیوں کہ تمام روایتیں حق ہیں لہٰذا جس روایت کو بھی اختیار کیا جائے دراصل یہ حق کو اختیار کرنے کا عمل ہوگا اس لیے رینے گینوں مسلمان ہوتے ہوئے بھی تبلیغ اسلام کے قائل نہ تھے۔ کیا اقبال مولوی چراغ علی سے متاثر تھے؟ کیا خطبات پادری میلکم پادری رجب علی اور اغنی دیس کے ردعمل میں لکھے گئے۔